AIOU



# سمسٹر خزاں 2026ء

# پراسپیکٹس

- ایف اے (جنرل)
- ایف اے (درس نظامی)
- ایف اے (اوپن کورسز)
- آئی کام

## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

www.aiou.edu.pk

Help Line: (051) 111-112-468

# پراسپیکٹس

سمسٹر: خزاں 2026ء

داخلے سال میں دو مرتبہ بہار اور خزاں سمسٹرز بالترتیب جنوری اور جولائی میں ہوتے ہیں۔
ہر سمسٹر میں داخلہ فیس بروقت جمع کروانا طالب علم کی ذمہ داری ہے۔

## ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (انٹرمیڈیٹ) نئی تعلیمی پالیسی کے تحت

- انٹرمیڈیٹ (جنرل) (0332)
- انٹرمیڈیٹ (آئی کام) (0333)
- انٹرمیڈیٹ (درس نظامی) (0334)
- انٹرمیڈیٹ سرٹیفکیٹ پروگرام کے اوپن کورسز (0335)
- اوپن کورسز سرٹیفکیٹ دینی مدارس (3002)

---

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

قیمت: -/100روپے

(جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں)

پراسپیکٹس برائے ہائر سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ پروگرامز

تعداد اشاعت ........................................................ 11000+50
کمپوزنگ ........................................................ محمد ظہیر
قیمت ........................................................ -/100 روپے
انچارج پرنٹنگ ........................................................ ڈاکٹر سرمد اقبال
طابع ........................................................ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، پرنٹنگ پریس
ناشر ........................................................ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

# وائس چانسلر کا پیغام



علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کا شمار اس وقت دنیا کی میگا (سب سے بڑی) یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے۔ یہ یونیورسٹی بہت سی منفرد حیثیتوں کے حوالے سے دنیا بھر میں ممتاز مقام رکھتی ہے، یہ اس یونیورسٹی کی انفرادیت ہے کہ اس کا دائرہ کار پاکستان اور دنیا کے بہت سے ممالک میں ہے۔ بیرون ملک علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نہ صرف وہاں مقیم پاکستانیوں کو بلکہ دیگر شہریت کے حامل طلباء کو تعلیم حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ یہ ملک کی واحد یونیورسٹی ہے جس میں مرد/عورت، عمر اور علاقے کی کوئی قید نہیں۔ ملک بھر کے ہر حصے سے ہر عمر کے افراد اس یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ وطن عزیز کے دیہاتوں، قصبوں اور دور افتادہ علاقوں میں مقیم افراد کو جہاں روایتی تعلیم کے مواقع کم ہیں یا ایسی خواتین کو جو سماجی پابندیوں کے سبب سکول/کالج میں جانے سے قاصر ہیں یا وہ ملازم پیشہ افراد جو اپنی ملازمتی ترقی کے لیے تعلیمی استعداد بڑھانے کے خواہش مند ہیں، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اِن سب کو تعلیمی سہولتیں مہیا کر کے یہ فریضہ بہ طریق احسن سرانجام دے رہی ہے۔ حالیہ یونیورسٹی کے مجموعی نظام کو ڈیجیٹلائزڈ (Digitalized) کر دیا گیا ہے، مزید برآں طلبہ کو تمام سہولتیں آن لائن بھی دستیاب ہوں گی۔

آپ کی تعلیم کی ترقی کے لیے کوشاں

پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

وائس چانسلر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی

# یادرکھیں!

1- علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے داخلے سال میں دومرتبہ ہوتے ہیں:

☆ سمسٹر بہار کے داخلے ماہ **جنوری/مارچ** میں ہوتے ہیں **جب کہ** سمسٹر خزاں کے داخلے ماہ **جولائی/ستمبر** میں ہوتے ہیں۔

2- سمسٹر بہار (جنوری/ مارچ) میں اگر آپ پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر خزاں کی داخلہ فیس (جولائی/ستمبر) میں جمع کروانا ہوگی۔

3- سمسٹر خزاں (جولائی/ستمبر) میں اگر آپ پہلا داخلہ لے رہے ہیں تو دوسرے سمسٹر بہار کی داخلہ فیس (جنوری/ مارچ) میں جمع کروانا ہوگی۔

4- جاری طلبہ (Continuing Students) یونیورسٹی ویب سائیٹ https://enrollment.aiou.edu.pk پر online کورس رجسٹر کر کے فیس مجوزہ بینک میں جمع کرا سکتے ہیں۔

Online انرولمنٹ لینے کا طریقہ کار مندرجہ ذیل ہے۔

1- ویب سائیٹ https://enrollment.aiou.edu.pk وزٹ کریں۔

2- User ID میں سٹوڈنٹ آئی ڈی (Student ID) لکھیں اور پاسورڈ (Password) درج کریں۔

3- اپنے کورسز کا انتخاب کریں اور چالان فارم کا پرنٹ نکال لیں۔

4- فیس ABL, MCB, FWB, NBP کی کسی بھی برانچ میں جمع کروائیں۔اس کے علاوہ جیز کیش، یو پیسہ اور ایزی پیسہ کے ذریعے بھی فیس جمع کرواسکتے ہیں۔

## سمسٹر شیڈول

| نمبرشمار | سرگرمی | سمسٹر بہار | سمسٹر خزاں |
|---|---|---|---|
| 1 | داخلہ | جنوری - مارچ | جولائی - ستمبر |
| 2 | ترسیل کتب | مارچ - مئی | ستمبر - نومبر |
| 3 | مطالعہ کی مدت | مئی - اگست | نومبر - فروری |
| 4 | امتحانات | ستمبر - اکتوبر | مارچ - اپریل |
| 5 | نتائج | دسمبر | جون |

**نوٹ:** شیڈول کی مقرر کردہ تاریخوں کی معلومات کے لئے یونیورسٹی کی ویب سائٹ **https://www.aiou.edu.pk** ملاحظہ کریں۔

## Minimum and Maximum Duration/Semesters: Programs on ODL Mode

| Sr. No. | Degree Level | Minimum Duration | Maximum Duration |
|---|---|---|---|
| 1 | Matric /FA | 2 years / 4 semesters | 5 years |
| 2 | Certificate (6 Months) | 6 Months / 1 Semester | 1 Year |
| 3 | All Postgraduate Diplomas (1 Year) | 1 Year / 2 Semesters | 3 Years |
| 4 | Associate Degree (2-years) | 2 years / 4 Semesters | 4 Years |
| 5 | BEd (1.5 Years) | 1.5 Years/ 3 Semesters | 3 Years |
| | BEd (2.5 Years) | 2.5 Years / 5 Semesters | 5 Years |
| 6 | BS/BBA/BEd (4-years) | 4 Years / 8 Semesters | 8 Years |

**Note:** Maximum time duration includes semester freeze period.

**نوٹ:** سمسٹر بہار 2021 سے ہائرسیکنڈری سکول پروگرام پاس کرنے کا دورانیہ کم ازکم دو سال (چار سمسٹر) ہے اور زیادہ سے زیادہ پانچ سال (10 سمسٹرز) ہے اگر طالب علم پروگرام کی تکمیل پانچ (5) سال میں نہیں کر پاتا تو اسے مذکورہ پروگرام میں دوبارہ سے داخلہ لینا ہوگا۔

**Note:** Students must complete all degree requirements, including the clearance of any failed or repeat courses, within the prescribed maximum duration of their respective programme.

The FER-1and FER-2)reappear( chances shall be available only within the prescribed maximum duration of the respective programme .Students who fail to complete the programme within the maximum duration shall cease to be eligible for reappear chances(FER-1and FER-2(irrespective of the number of remaining chances.

# فہرست

صفحہ نمبر


| | | |
|---|---|---|
| — | علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف | 01 |
| — | داخلہ لینے کا طریقہ کار اور داخلہ فارم یونیورسٹی بھیجنے کا طریقہ | 02 |
| — | داخلہ فارم پُر کرنے سے پیشتر مندرجہ ذیل ہدایات پڑھنا لازم ہیں | 03 |
| -1 | **انٹرمیڈیٹ پروگرام کا تعارف، شرائط، معلومات وہدایات (مطلوبہ کریڈٹ آورز = 48)** | 04 |
| | 1.1- انٹرمیڈیٹ (جنرل گروپ)، پروگرام کوڈ:0332 | 06 |
| | 1.2- انٹرمیڈیٹ (کامرس گروپ)، پروگرام کوڈ:0333 | 07 |
| | 1.3- ہائرسیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (ثانویہ خاصہ) درس نظامی، پروگرام کوڈ:0334 | 08 |
| | 1.4- انٹرمیڈیٹ پروگرام کے اوپن کورسز، پروگرام کوڈ:0335 | 09 |
| | 1.5- انٹرمیڈیٹ پروگرام کے اوپن کورسز سرٹیفکیٹ دینی مدارس، پروگرام کوڈ:3002 | 09 |
| -2 | **طریقہ تعلیم کے اہم اجزاء** | 11 |
| -3 | **فیس** | 13 |
| | 3.1- فیس جمع کروانے کا طریقہ | 13 |
| | 3.2- داخلہ فارم یونیورسٹی بھجوانے کا طریقہ | 15 |
| -4 | **اہم معلومات** | 16 |
| | **ہدایات برائے درستگی نام طالب علم/ والد/ تاریخ پیدائش** | 17 |
| -5 | **داخلہ، کتابیں، ڈیٹ شیٹ، رول نمبر سلپ اور رزلٹ کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لیے اہم فون نمبرز اور پتے** | 18 |
| -6 | Addresses of PTRC(s) Across Pakistan | 19 |

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا مختصر تعارف

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی (جس کا مین کیمپس اسلام آباد میں ہے) کا شمار اس وقت دنیا کی چارمیگا (سب سے بڑی) یونیورسٹیوں میں ہوتا ہے، 1974ء میں پارلیمنٹ کے ایکٹ (XXXIX) کے تحت قائم ہوئی۔ اُس وقت یہ دنیا کی دوسری اور ایشیا کی پہلی اوپن یونیورسٹی تھی مگر اب دنیا میں فاصلاتی نظامِ تعلیم پر مبنی متعدد یونیورسٹیاں کام کر رہی ہیں۔

پاکستان میں اوپن یونیورسٹی کے قیام کا بنیادی مقصد فاصلاتی نظامِ تعلیم کے ذریعے ان لوگوں کو جو بوجوہ رسمی تعلیم سے استفادہ نہیں کر سکے یا جن کا سلسلہ تعلیم منقطع ہو گیا تھا، ان کے گھروں کی دہلیز پر تعلیمی سہولیات مہیا کرنا ہے۔ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، وطن عزیز کے دیہاتوں، قصبوں اور دور افتادہ علاقوں میں مقیم افراد کو جہاں روایتی تعلیم کے مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں یا ایسی خواتین کو جو سماجی پابندیوں کے سبب سکول/کالج میں جانے سے قاصر ہیں یا وہ ملازم پیشہ افراد جو اپنی ملازمتی ترقی کے لیے تعلیمی استعداد بڑھانے کے خواہش مند ہیں، ان سب کو تعلیمی سہولتیں مہیا کر کے یہ فریضہ بہ طریق احسن انجام دے رہی ہے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی غیر رسمی طریقہ تعلیم کے ذریعے مختلف تعلیمی پروگرام پورے ملک میں عام کر کے قومی یونیورسٹی کی صورت میں نمایاں ہوئی ہے۔ فاصلاتی نظامِ تعلیم روایتی اور رسمی نظامِ تعلیم کے برعکس متنوع بھی ہے اور ہمہ گیر بھی۔ طلبہ اس کے ذریعے میسّر وقت میں سہولت کے ساتھ تعلیم حاصل کر سکتے ہیں کیونکہ انہیں طبع شدہ کورسز اور مجوزہ کتب کے علاوہ ٹیوٹوریل، گروہی سرگرمیاں اور دیگر ملٹی میڈیا سہولتیں مہیا کی جاتی ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی بنیادی تعلیم سے لے کر پی ایچ ڈی کی سطح تک کے پروگرام پیش کر رہی ہے۔ یونیورسٹی کے تدریسی اور انتظامی کام کی مناسب اور موزوں ترویج و اشاعت کے لیے ملک کے مختلف مقامات پر 50 سے زائد علاقائی دفاتر بھی کام کر رہے ہیں نیز طلبہ کی رہنمائی کے لیے مختلف شہروں میں رابطہ دفاتر بھی قائم کئے گئے ہیں۔ یونیورسٹی نے ملک بھر میں مطالعاتی مراکز قائم کیے ہیں جہاں فاصلاتی نظامِ تعلیم کے طلبہ اپنے ٹیوٹرز سے رہنمائی حاصل کرتے ہیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اور اس کے جملہ علاقائی دفاتر تعلیمی سال کے دوران نصابی اور تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور مختلف نوعیت کی علمی، ادبی اور قومی تقریبات کے انعقاد کا اہتمام کرتے ہیں جن میں ہمارے طلبہ و اساتذہ کے ساتھ ساتھ علاقے کے معزز و سرکردہ اراکین اور صاحبانِ علم و دانش شرکت کرتے ہیں۔

اوپن یونیورسٹی سمسٹر سسٹم کے مطابق کام کر رہی ہے۔ طلبہ کا داخلہ سال میں دو بار سمسٹر بہار اور خزاں میں ہوتا ہے۔ انڈر گریجویٹ طلبہ کے لیے دونوں سمسٹر میں داخلے ہوتے ہیں جبکہ پوسٹ گریجویٹ سطح پر داخلہ سال میں ایک بار ہوتا ہے۔ طلبہ کو یونیورسٹی کی اپنی تیار کردہ کتابیں بھجوائی جاتی ہیں، ان کتابوں کے ہمراہ تقویتی مواد بھی بھجوایا جاتا ہے۔ اکثر کورسز میں ریڈیو اور ٹی وی پروگرامز کے ذریعے بھی تعلیمی اور تدریسی رہنمائی فراہم کی جاتی ہے۔ طلبہ کی رہنمائی کے لیے ملک بھر سے جز وقتی ٹیوٹرز کی خدمات بھی حاصل کی جاتی ہیں نیز ہر طالب علم کو مراسلت اور ٹیوٹوریل میٹنگ کے ذریعے بھی تدریسی معاونت فراہم کی جاتی ہے۔

یونیورسٹی میں سائنس کے طلبہ کے لئے ''یونیورسٹی سائنس کمپلیکس'' کا قیام عمل میں لایا گیا جس میں سائنس کے تمام ڈسپلنز کے ریسرچ اسکالرز کے لئے بین الاقوامی معیار کی حامل جدید سائنسی تجربہ گاہوں کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں۔ علاوہ ازیں یونیورسٹی مرکزی لائبریری اور سٹوڈنٹس ہوسٹل میں انٹرنیٹ لیب کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے تاکہ یونیورسٹی کے اساتذہ و طلبہ اپنی علمی و تحقیقی کاوشوں کو جدید عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کر سکیں۔

# داخلہ لینے کا طریقہ کار اور داخلہ فارم یونیورسٹی بھیجنے کا طریقہ

**پہلے سمسٹر میں ONLINE داخلہ لینے کا طریقہ**

1۔ ویب سائیٹ (https://online.aiou.edu.pk) وزٹ کریں۔
2۔ (OAS for Fresh Applicants) لنک پر کلک کریں۔
3۔ ای میل ایڈریس لکھ کر رجسٹر کریں۔
4۔ اپنے رجسٹرڈ اکاؤنٹ میں Login کریں۔
5۔ داخلہ فارم میں درکار تمام کوائف درج کریں۔
6۔ فوٹو، شناختی کارڈ/''ب'' فارم، والد/سرپرست کا شناختی Upload کریں۔
7۔ فیس چالان پرنٹ کر کے فیس جمع کروائیں۔

**پہلے سمسٹر میں پراسپیکٹس/پرنٹڈ (Printed) فارم کے ذریعے داخلہ لینے کا طریقہ**

1۔ پراسپیکٹس میں موجود داخلہ فارم پُر کریں۔
2۔ شناختی کارڈ/''ب'' فارم، والد/سرپرست کا شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی منسلک کریں۔
3۔ داخلہ فیس جمع کروائیں۔(فیس جمع کروانے کا طریقہ دیکھیں۔)
4۔ فیس جمع کروانے کے بعد 48 گھنٹے کے اندر آپ نے اپنا داخلہ فارم درج ذیل طریقے کے مطابق یونیورسٹی کو بھجوانا ہے۔
5۔ فارم کے آخری صفحہ کے نیچے والے حصہ پر ایڈریس لیبل لگا ہوا ہے اسے داخلہ فارم سے علیحدہ کر لیں۔
6۔ چالان کی یونیورسٹی کاپی کو اپنے مکمل شدہ فارم کے ساتھ لف کریں۔اب اپنا داخلہ فارم کسی لفافے میں بند کریں۔
7۔ داخلہ فارم سے جدا کیا ہوا ایڈریس لیبل اس لفافے پر چسپاں کر دیں۔
8۔ یہ لفافہ اپنے قریبی پوسٹ آفس (ڈاکخانہ) میں جا کر رجسٹری کروائیں اور رسید حاصل کریں۔ (واضح رہے کہ آپ کو رجسٹری کے لے پیسے نہیں دینے۔یہ پیسے پہلے یونیورسٹی پوسٹ آفس کو دے چکی ہے۔)

**جاری طلبہ (Continuing Students) کی انرولمنٹ کا طریقہ**

1- ویب سائیٹ https://enrollment.aiou.edu.pk وزٹ کریں۔
2- User ID میں سٹوڈنٹ آئی ڈی (Student ID) لکھیں اور پاسورڈ (Password) درج کریں۔
3- اپنے کورسز کا انتخاب کریں۔اور چالان فارم پرنٹ کر کے فیس جمع کروائیں۔

**فیس جمع کروانے کا طریقہ**

(a) فیس ABL, MCB, FWB, NBP کی کسی بھی برانچ میں جمع کروادیں اور ادا شدہ فیس کا چالان سنبھال کر رکھیں یونیورسٹی بوقت ضرورت یہ چالان آپ سے طلب کر سکتی ہے۔
(b) جاز کیش، ایزی پیسہ اور یوپیسہ کی موبائل ایپ، USSD#786* سٹرنگ/ریٹیلر ایجنٹ/فرنچائزز اور موبی لنک، ٹیلی نار، یو بینک کی برانچز کے ذریعے بھی فیس جمع کرا سکیں گے۔

# داخلہ فارم پُر کرنے سے پیشتر مندرجہ ذیل ہدایات پڑھنا لازم ہیں

1- داخلہ فارم پر اپنے گروپ کا نام لازمی ٹِک (✓) کریں۔

2- نئے پروگرام میں پہلی بار داخلہ لیتے وقت کورسز فیس کے ہمراہ داخلہ اور رجسٹریشن فیس جمع کروانا لازمی ہے۔

**3- ہائر سکینڈری سکول سرٹیفکیٹ پروگرام میں داخلے کے لیے امیدوار کو "شناختی کارڈ" یا "ب فارم" کی تصدیق شدہ کاپی (یعنی جس میں تصدیق کنندہ کا نام مُہر پر واضح درج ہو) منسلک کرنا لازمی ہے۔**

4- فیس بنک میں جمع کروانے سے پہلے اس بات کی تسلی کر لیں کہ فیس متعلقہ پروگرام/کورسز کے حساب سے جمع کروا رہے ہیں کیونکہ فیس کم ہونے کی صورت میں آپ کا داخلہ نہیں ہوگا۔

**5- مقررہ مدت میں پروگرام مکمل کرنے کے لیے لازم ہے کہ طلباء وطالبات ہر سمسٹر (جنوری، جولائی) کی فیس یونیورسٹی کے نامزد بینکوں یا مجوزہ طریقہ کار میں جمع کروائیں۔ جاری طلبہ (Continuing Students) یونیورسٹی ویب سائیٹ https://enrollment.aiou.edu.pk پر online انرولمنٹ کر کے فیس مجوزہ بینک یا دیگر ذرائع سے جمع کرا سکتے ہیں۔ (ملاحظہ فرمائیں صفحہ نمبر 13)**

**6- جاری طلبہ پراسپیکٹس والا داخلہ فارم استعمال نہ کریں۔**

7- کسی بھی لحاظ سے نامکمل (مثلاً کم فیس، غیر تصدیق شدہ/غیر واضح اسناد، نامکمل معلومات) داخلہ فارم قابل قبول نہیں ہوگا۔ سمسٹر کے داخلہ کے اختتام پر فارم میں کمی کی نشاندہی بذریعہ خط/Website دی جائے گی مقررہ تاریخ کے اندر اعتراضات دور کرنے کی صورت میں داخلہ ممکن ہوگا۔

**8- طلباء وطالبات کے لیے لازم ہے کہ وہ اپنا پتہ برائے خط وکتابت واضح طور پر تحریر کریں۔ کسی کی معرفت پتہ تحریر کرنے یا پوسٹ بکس نمبر پر یونیورسٹی داخلہ نہ دینے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔**

9- داخلہ فیس مقرر کردہ بینکوں کی شاخوں میں جمع کروانے کی صورت میں داخلہ فیس بذریعہ بینک ڈرافٹ/منی آرڈر قابل قبول نہیں ہے۔

**10- داخلہ اور کتب نہ ملنے کی صورت میں طلبہ اپنے داخلہ فارم اور ادا شدہ فیس کی فوٹو کاپی کے ہمراہ بہار سمسٹر کے لیے اپریل اور خزاں سمسٹر کے لیے اکتوبر تک شعبہ داخلہ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔ مقررہ مدت کے بعد رجوع کرنے پر یونیورسٹی جاری سمسٹر میں داخلہ دینے کی ذمہ دار نہ ہوگی۔**

**11- اپنی کتب ایڈریس لیبل پر درج شدہ کوڈ نمبر کے مطابق چیک کریں اور کمی بیشی کی صورت میں شعبہ ترسیل سے فوری طور پر رابطہ کریں۔ یاد رہے کہ کورس کی تبدیلی مقررہ فیس (انٹرمیڈیٹ یا مساوی تعلیم -/200 روپے فی کورس) کی ادائیگی کے ہمراہ ٹیوٹرز کی تعیناتی سے قبل ممکن ہے۔**

12- یونیورسٹی نے اپنے تدریسی دورانیے کو چھ ماہ کی مدت میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ ہر چھ ماہ کے عرصہ کو سمسٹر کہتے ہیں جس کے دوران طلبہ پڑھتے ہیں، امتحانی مشقیں حل کرتے ہیں، امتحان کی تیاری کرتے ہیں اور امتحان میں شریک ہوتے ہیں۔

13- داخلہ کے لیے مطلوبہ اسناد جعلی ثابت ہونے کی صورت میں نہ صرف داخلہ منسوخ ہوگا بلکہ طالب علم کی ادا شدہ فیس بھی ضبط کر لی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

**14- داخلہ فارم میں فراہم کردہ معلومات کسی بھی وقت غلط/جھوٹ ثابت ہونے یا داخلہ کے لیے مقرر کردہ شرائط پر پورا نہ اترنے کی صورت میں یونیورسٹی داخلہ منسوخ کرنے کی مجاز ہوگی اور طالب علم سرٹیفکیٹ/ڈگری کے حصول کے لیے دعویٰ کا حق دار نہیں ہوگا۔**

15- ایک وقت میں دو مختلف پروگراموں میں داخلہ نہیں لیا جا سکتا۔ ایسی صورت میں یونیورسٹی قواعد کے مطابق نئے پروگرام کا داخلہ منسوخ اور فیس بھی ضبط کرنے کی مجاز ہوگی۔

16- داخلے کی منسوخی کے لیے درخواست کے ساتھ مجاز آفیسر کی تصدیق (by name) اور طالب علم/طالبہ کے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی لف کرنا ضروری ہے۔

17- ٹیوٹر کی تعیناتی میں تاخیر کی صورت میں اپنے قریبی علاقائی مرکز یا ناظم علاقائی خدمات، اسلام آباد سے رابطہ کریں۔

18- آگاہ رہیں کہ کسی نجی ادارے یا فرد کو اختیار حاصل نہیں ہے کہ وہ یونیورسٹی کی طرف سے داخلہ فارم یا فیس وصول کریں۔ فیس صرف نامزد بینک میں بذات خود جمع کروائیں۔ فیس یا فارم میں بدعنوانی کی صورت میں یونیورسٹی اس کی ذمہ دار نہ ہوگی اور طالب علم کے خلاف تادیبی کارروائی بھی کی جا سکتی ہے۔ (نوٹ: پراسپکٹس کے اندر فیس جمع کروانے کے مجوزہ طریقہ کار پر عمل کریں۔

**نوٹ:** سمسٹر بہار 2021 سے ہائر سیکنڈری سکول پروگرام پاس کرنے کا دورانیہ کم از کم دو سال (چار سمسٹر) ہے اور زیادہ سے زیادہ پانچ (5) سال ہے اگر طالب علم پروگرام کی تکمیل پانچ (5) سال میں نہیں کر پاتا تو اسے مذکورہ پروگرام میں دوبارہ سے داخلہ لینا ہوگا۔

# 1- انٹرمیڈیٹ پروگرام کا تعارف، شرائط، معلومات و ہدایات (مطلوبہ کریڈٹ آورز = 48)

## ہائرسیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (انٹرمیڈیٹ جنرل، آئی کام اور درس نظامی پروگرامز)

ایف اے کی سطح پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی درج ذیل عمومی گروپس پیش کر رہی ہے۔

**1.1۔ جنرل گروپ　　1.2۔ آئی کام گروپ　　1.3۔ درس نظامی گروپ**

### شرائط داخلہ انٹرمیڈیٹ (جنرل گروپ اور آئی کام پروگرام)

(i) ہائرسیکنڈری سکول پروگرامز میں داخلے کے لیے طالب علم کا میٹرک کے تمام لازمی اور اختیاری مضامین میں پاس ہونا ضروری ہے۔ کسی لازمی یا اختیاری مضمون میں ایف (F) گریڈ حاصل کرنے والے طلبہ ہائرسیکنڈری سکول پروگرام میں داخلہ لینے کے اہل نہیں ہوں گے۔

(ii) ہائرسیکنڈری سکول پروگرام میں داخلہ کے لیے ضروری ہے کہ طلبہ میٹرک کی (یونیورسٹی/بورڈ سے جاری) مارکس شیٹ یا سند کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی داخلہ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ (مارکس شیٹ یا سند کی تصدیق شدہ کاپی منسلک نہ ہونے کی صورت میں داخلہ نہیں ہوگا)۔ اس کے علاوہ انٹرنیٹ سے لیا گیا پرنٹ بھی قابل قبول نہیں ہوگا۔

(iii) غیرمسلم طلبہ کے لیے اسلامیات لازمی کی جگہ اخلاقیات کا مضمون لازمی ہے۔ مسلم طلباء/طالبات اخلاقیات اور غیرمسلم طلباء/طالبات اسلامیات بطور نصف 3 کریڈٹ کورس نہیں لے سکتے۔

(iv) یونیورسٹی ہذا سے میٹرک پاس کرنے والے طلباء/طالبات پروویژنل سرٹیفکیٹ یا سند کی تصدیق شدہ کاپی فارم کے ساتھ لف کریں۔ (رزلٹ کارڈ پر داخلہ ممکن نہیں ہے)۔

(v) صرف ثانویہ عامہ/ فاضل عربی/ اردو وغیرہ کے حامل امیدوران کے لیے انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین IBCC کا جاری کردہ مساوی سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) داخلہ فارم کے ہمراہ منسلک کرنا لازم ہے بصورت دیگر داخلہ ممکن نہ ہوگا۔

(vi) طالب علم کا پہلے سمسٹر میں داخلہ پروویژنل تصور ہوگا اور طالب علم اپنی میٹرک کی سند کی کاپی IBCC سے تصدیق کروا کر اپنے CMS اکاؤنٹ میں اپلوڈ کرنے کا پابند ہوگا۔ ایسا نہ کرنے کی صورت میں طالب علم کو سند جاری نہیں کی جائے گی۔

### شرائط داخلہ درس نظامی پروگرام

(i) ہائرسیکنڈری سطح پر درس نظامی (ثانویہ خاصہ) میں داخلے کے لیے ضروری ہے کہ طالب علم نے ثانویہ عامہ اور میٹرک جنرل یا علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے میٹرک درس نظامی پاس کیا ہو۔

(ii) ایسے طلباء و طالبات جنھوں نے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے منظور شدہ وفاق اور دینی مدارس (جن کی فہرست درج ذیل ہے) کی ثانویہ عامہ کی سند کی بنیاد پر میٹرک کے مطلوبہ مضامین پاس کیے ہیں وہ طلباء انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین (IBCC) اسلام آباد کا جاری کردہ میٹرک کے برابری (Equivalence) کا سرٹیفکیٹ بھی منسلک کریں بصورت دیگر متعلقہ فارم ناقابلِ قبول ہوگا۔

### HEC سے منظور شدہ دینی مدارس کی فہرست

الف۔ وفاق المدارس العربیہ ملتان پاکستان
ب۔ تنظیم المدارس اہل سنت لاہور پاکستان
ج۔ وفاق المدارس السّلفیہ اہلحدیث فیصل آباد پاکستان
د۔ رابطۃ المدارس' لاہور پاکستان
ر۔ وفاق المدارس شیعہ لاہور پاکستان
ڑ۔ جامعہ اسلامیہ منہاج القرآن لاہور
س۔ جامعہ تعلیمات اسلامیہ فیصل آباد
ص۔ جامعہ اشرفیہ لاہور
ق۔ دارالعلوم محمدیہ غوثیہ بھیرہ، سرگودہا
م۔ دارالعلوم کراچی
ن۔ کنزالمدارس بورڈ پاکستان

(نوٹ: درج بالا وفاقات اور جامعات کے علاوہ دیگر اداروں کے طلبہ کو AIOU میں داخلہ ہرگز نہیں دیا جاسکتا)

**نوٹ: داخلہ فارم پُر کرتے وقت طلباء و طالبات اپنی میٹرک کی سند کے مطابق اپنے نام/ولدیت اور تاریخ پیدائش کا صحیح اندراج انتہائی احتیاط سے کریں۔**

## معلومات وہدایات (برائے جنرل، آئی کام پروگرامز)

**داخلہ فارم میں پروگرام کا نام اور گروپ لازمی لکھیں۔**

(i) سمسٹر بہار 2021 سے ہائر سیکنڈری سکول پروگرام پاس کرنے کا دورانیہ کم از کم دو سال (چار سمسٹر) ہے اور زیادہ سے زیادہ پانچ (5) سال (10 سمسٹرز) ہے اگر طالب علم پروگرام کی تکمیل پانچ (5) سال میں نہیں کر پاتا تو اسے مذکورہ پروگرام میں دوبارہ سے داخلہ لینا ہوگا۔

(ii) داخلہ سال میں دومرتبہ بہار اور خزاں بالترتیب جنوری اور جولائی میں کیا جاتا ہے۔

(iii) ہائر سیکنڈری سکول (انٹرمیڈیٹ) کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لئے طالبِ علموں کو **48 کریڈٹ آورز** پاس کرنے ہوتے ہیں۔

(iv) طالب علم زیادہ سے زیادہ ایک سمسٹر میں 18 کریڈٹ آورز کے کورسز میں داخلہ لے سکتا ہے۔

(v) داخلہ ہوجانے کے بعد نہ تو داخلہ منسوخ ہوگا اور نہ ہی فیس واپس ہوگی۔

(vi) یونیورسٹی نے اپنے تدریسی دورانیے کو چھ ماہ کی مدت میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ ہر چھ ماہ کے عرصہ کو سمسٹر کہتے ہیں جس کے دوران طلبہ پڑھتے ہیں، امتحانی مشقیں حل کرتے ہیں امتحان کی تیاری کرتے ہیں اور امتحان میں شریک ہوتے ہیں۔

**نوٹ: اردو، انگریزی اور شماریات کے حصہ دوئم سے پہلے اِن مضامین کے حصہ اول میں داخلہ لینا ضروری ہے۔ اِسی طرح ریاضی کے حصہ اول، دوئم اور سوئم میں بالترتیب داخلہ لیں۔**

## معلومات وہدایات (برائے درس نظامی پروگرام)

(i) سمسٹر بہار 2021 سے ہائر سیکنڈری سکول پروگرام پاس کرنے کا دورانیہ کم از کم دو سال (چار سمسٹر) ہے اور زیادہ سے زیادہ پانچ (5) سال ہے اگر طالب علم پروگرام کی تکمیل پانچ (5) سال میں نہیں کر پاتا تو اسے مذکورہ پروگرام میں دوبارہ سے داخلہ لینا ہوگا۔

(ii) داخلہ سال میں دومرتبہ بہار اور خزاں بالترتیب جنوری اور جولائی میں کیا جاتا ہے۔

(iii) طالب علم زیادہ سے زیادہ ایک سمسٹر میں 18 کریڈٹ آورز کے کورسز میں داخلہ لے سکتا ہے۔

(iv) داخلہ ہوجانے اور کتب کی ترسیل کے بعد نہ تو داخلہ منسوخ ہوگا اور نہ ہی فیس واپس ہوگی۔

(v) درسِ نظامی گروپ کے طلبہ کے لیے دینی مدارس میں جو نصاب پڑھایا جاتا ہے ان میں بعض مضامین کا یونیورسٹی اپنے طریقہ کار کے مطابق امتحان لے گی اور جو مضامین نہیں پڑھائے جاتے لیکن ان کی ضرورت اور افادیت مسلم ہے، وہ فاصلاتی طریقہ تدریس کے ذریعے پڑھائے جائیں گے۔

(vi) یونیورسٹی نے اپنے تدریسی دورانیے کو چھ ماہ کی مدت میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ ہر چھ ماہ کے عرصہ کو سمسٹر کہتے ہیں جس کے دوران طلبہ پڑھتے ہیں، امتحانی مشقیں حل کرتے ہیں امتحان کی تیاری کرتے ہیں اور امتحان میں شریک ہوتے ہیں۔

(vii) یونیورسٹی دینی مدارس کے طالبِ علموں کو دینی مدارس میں پڑھائے جانے والے مضامین کی کتابیں نہیں بھیجے گی البتہ ہر کورس کی امتحانی مشقیں ارسال کی جائیں گی اور ہر کورس کے لیے ٹیوٹر مقرر کیے جائیں گے جو امتحانی مشقیں جانچیں گے۔

## 1.1- ہائرسیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (جنرل گروپ)، پروگرام کوڈ:0332

### پہلا سمسٹر (مطلوبہ کریڈٹ آورز=12)

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 316 | اسلامیات **یا** | اردو | 3 |
| 319 | اخلاقیات (صرف غیرمسلم طلباء وطالبات کے لئے) | اردو | 3 |
| 317 | مطالعہ پاکستان | اردو | 3 |
| 363 | اردو (حصہ اول) | اردو | 3 |
| 386 | انگریزی (حصہ اول) Compulsory English - I | انگلش | 3 |

**پہلے سمسٹر کی ٹوٹل فیس (مع رجسٹریشن، داخلہ، ٹیکنالوجی، ڈگری فیس) -/4560 روپے**

### دوسرا سمسٹر (مطلوبہ کریڈٹ آورز=12)

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 364 | اردو (حصہ دوئم) | اردو | 3 |
| 387 | انگریزی (حصہ دوئم) Compulsory English-II | انگلش | 3 |
| 312 | علم تعلیم | اردو | 6 |

### تیسرا سمسٹر (مطلوبہ کریڈٹ آورز=12)

دیئے گئے اختیاری مضامین کی فہرست میں سے کسی ایک Option کا انتخاب کریں۔

**Option.I:** کوئی سے چھ کریڈٹ آورز کے دو کورسز

**Option.II:** چھ کریڈٹ آور کا ایک کورس اور تین کریڈٹ آورز کے دو کورسز

**Option.III:** تین کریڈٹ آورز کے چار کورسز

### چوتھا سمسٹر (مطلوبہ کریڈٹ آورز=12)

دیئے گئے اختیاری مضامین کی فہرست میں سے کسی ایک Option کا انتخاب کریں۔

**Option.I:** کوئی سے چھ کریڈٹ آورز کے دو کورسز

**Option.II:** چھ کریڈٹ آور کا ایک کورس اور تین کریڈٹ آورز کے دو کورسز

**Option.III:** تین کریڈٹ آورز کے چار کورسز

**نوٹ:** اردو، انگریزی اور شماریات کے حصہ دوئم سے پہلے اِن مضامین کے حصہ اول میں داخلہ لینا ضروری ہے۔
اِسی طرح ریاضی کے حصہ اول، دوئم اور سوئم میں بالترتیب داخلہ لیں۔

## اختیاری مضامین

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 301 | دفتری اردو | اردو | 3 |
| 303 | اقبالیات | اردو | 6 |
| 305 | دیہی ترقی | اردو | 3 |
| 308 | جنرل سائنس | اردو | 6 |
| 309 | عربی | عربی | 6 |
| 311 | کھاتہ نویسی ومحاسبی | اردو | 6 |
| 315 | معاشیات | اردو | 6 |
| 321 | تاریخ مسلمانان برصغیر | اردو | 6 |
| 322 | دفتری دستورالعمل | اردو | 3 |
| 330 | بچے کی نگہداشت | اردو | 3 |
| 343 | اسلامیات (اختیاری) | اردو | 6 |
| 345 | گھریلو انتظام وآرائش | اردو | 3 |
| 346 | اصول تجارت | اردو | 6 |
| 347 | بینکنگ | اردو | 3 |
| 349 | پودوں کی حفاظت | اردو | 3 |
| 356 | غذا اور غذائیت | اردو | 3 |
| 357 | صحت اور غذائیت | اردو | 3 |
| 360 | Information Technology Applications | اردو | 3 |
| 361 | فارسی | اردو | 6 |
| 376 | انسانی حقوق | اردو | 6 |

## 2nd Semester

| Course Code | Course Title | Credit Hours |
|---|---|---|
| 1339 | Basics of Accounting | 3 |
| 1345 | Principles of Commerce | 3 |
| 1347 | Commercial Geography | 3 |
| 1349 | Introduction to Business Math | 3 |

## 3rd Semester

| Course Code | Course Title | Credit Hours |
|---|---|---|
| 387 | Compulsory English-II | 3 |
| 364 | Urdu-II | 3 |
| | Or | |
| 399 | Sindhi + Easy Urdu-II (Only for Sindhi Students) | 3 |
| 1340 | Business Accounting | 3 |
| 1346 | Essentials of Commerce | 3 |

## 4th Semester

| Course Code | Course Title | Credit Hours |
|---|---|---|
| 322 | Secretarial Practice | 3 |
| 347 | Banking | 3 |
| 1348 | Introduction to Economics | 3 |
| 1350 | Introduction to Business Statistics | 3 |

پہلے سمسٹر کی ٹوٹل فیس (مع رجسٹریشن، داخلہ، ٹیکنالوجی، ڈگری فیس) -/4560روپے

| | | | |
|---|---|---|---|
| 6 | اردو | قرآن حکیم (ترجمہ) | 389 |
| 3 | انگلش | Statistics - I شماریات (حصہ اول) | 394* |
| 3 | انگلش | Statistics - II شماریات (حصہ دوم) | 395 |
| 3 | سندھی | سندھی + آسان اردو (حصہ اول) | 398** |
| 3 | سندھی | سندھی + آسان اردو (حصہ دوئم) | 399 |
| 3 | انگلش | Mathematics - I ریاضی (حصہ اول) | 1307*** |
| 3 | انگلش | Mathematics - II ریاضی (حصہ دوم) | 1308 |
| 3 | انگلش | Mathematics - III ریاضی (حصہ سوم) | 1309 |

* کورس کوڈ 394 کے ساتھ کوڈ 395 کا انتخاب لازمی ہے۔

** کورس کوڈ 398 کے ساتھ کوڈ 399 کا انتخاب لازمی ہے۔

*** کورس کوڈز 1307 کے ساتھ کوڈ 1308، 1309 کا انتخاب لازمی ہے۔

## 1.2- آئی کام (کامرس گروپ)، پروگرام کوڈ:0333

## ICom (Commerce Group) (تمام سمسٹر اور کورسز لازمی ہیں)

## 1st Semester

| Course Code | Course Title | Credit Hours |
|---|---|---|
| 316 | Islamiat | 3 |
| | Or | |
| 319 | Ethics (For Non-Muslim Students only) | 3 |
| 317 | Pakistan Studies | 3 |
| 363 | Urdu-1 | 3 |
| | Or | |
| 398 | Sindhi+Easy Urdu-I (Only for Sindhi Students) | 3 |
| 386 | Compulsory English-I | 3 |

## 1.3-ہائرسیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (ثانویہ خاصہ) درس نظامی، پروگرام کوڈ:0334

(تمام سمسٹرز اور کورسز لازمی ہیں)

### پہلا سمسٹر

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 389 | قرآن حکیم (سورہ یونس تا سورۃ ابراہیم۔لفظی و بامحاورہ ترجمہ اور تشریح) | اردو | 6 |
| 390 | حدیث (ریاض الصالحین) (کتاب الآداب باب امر الصائم بحفظ لسانہ) | اردو | 6 |

### دوسرا سمسٹر

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 391 | فقہ (قدوری از کتاب النکاح تا آخر) | اردو | 6 |
| 392 | اصول فقہ (تسہیل اصول الشاشی) | اردو | 6 |

### تیسرا سمسٹر

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 309 | عربی | عربی | 6 |
| 363 | اردو (حصہ اول) **یا** | اردو | 3 |
| 398 | سندھی + آسان اردو (حصہ اول) (صرف صوبہ سندھ کے طلباء کے لیے) | سندھی | 3 |
| 386 | انگریزی (حصہ اول) Compulsory English - I | انگلش | 3 |

### چوتھا سمسٹر

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 316 | اسلامیات | اردو | 3 |
| 357 | صحت اور غذائیت | اردو | 3 |
| 364 | اردو (حصہ دوئم) **یا** | اردو | 3 |
| 399 | سندھی + آسان اردو (حصہ دوئم) (صرف صوبہ سندھ کے طلباء کے لیے) | سندھی | 3 |
| 387 | انگریزی (حصہ دوئم) Compulsory English -II | انگلش | 3 |

**پہلے سمسٹر کی ٹوٹل فیس (مع رجسٹریشن، داخلہ، ٹیکنالوجی، ڈگری فیس) -/4560 روپے**

## 1.4-ہائرسیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (دینی مدارس)، پروگرام کوڈ:3002

### کورس سرٹیفکیٹ

### HSSC Open Courses Deeni Madaris

**داخلہ کے لیے اہلیت (Eligiblity Criteria)**

ہائر سکنڈری سکول سرٹیفکیٹ (دینی مدارس) میں داخلہ کے لیے طلبہ کا میٹرک کے تمام لازمی اور اختیاری مضامین میں پاس ہونا ضروری ہے۔

وفاق المدارس کے طلباء جنہیں IBCC سے مساوات کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لے دینی مدارس کے اوپن کورسز کے لازمی مضامین کورسز اردو حصہ اوّل 363، اردو حصہ دوئم 364، انگریزی حصہ اوّل 386، انگریزی حصہ دوئم 387 اور دو اختیاری 6,6 کریڈٹ آورز کے مضامین پاس کرنا لازمی ہے۔ لازمی مضامین کی لسٹ درج ذیل ہے۔

| کوڈ | کورس ٹائٹل | میڈیم | کریڈٹ آورز |
|---|---|---|---|
| 363 | اردو (حصہ اول) | اردو | 3 |
| 364 | اردو (حصہ دوئم) | اردو | 3 |
| 386 | انگریزی (حصہ اول) Compulsory English - I | انگلش | 3 |
| 387 | انگریزی (حصہ دوئم) Compulsory English - II | انگلش | 3 |

اختیاری مضامین کی لسٹ درج ذیل ہے۔

| Course Code | Course Title | Credits | Mode |
|---|---|---|---|
| 303 | Iqbaliat | 6(6+0) | ODL |
| 308 | General Science | 6(6+0) | ODL |
| 309 | Arabic | 6(6+0) | ODL |
| 311 | Book Keeping and Accountancy | 6(6+0) | ODL |
| 315 | Economics | 6(6+0) | ODL |
| 321 | Muslim History of Sub-Continent | 6(6+0) | ODL |
| 343 | Islamiat (E) | 6(6+0) | ODL |
| 346 | Principles of Commerce | 6(6+0) | ODL |
| 361 | Persian | 6(6+0) | ODL |
| 376 | Human Rights | 6(6+0) | ODL |
| 389 | Quran-e-Hakeem | 6(6+0) | ODL |

## 1.5- انٹرمیڈیٹ پروگرام کے اوپن کورسز، پروگرام کوڈ:0335

### تعارف

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی مختلف سطح پر مختلف سرٹیفکیٹ، ڈپلومہ، اور ڈگری پروگرامز پیش کر رہی ہے۔اس کے علاوہ، یونیورسٹی متعلقہ طلباء کی انفرادی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے انفرادی کورسز بھی پیش کرتی ہے جو اپنی اعلیٰ تعلیم یا پیشہ ورانہ کیریئر کے حصول کے لیے مختلف ضروریات کو پورا کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ان طلباء میں شامل ہو سکتے ہیں لیکن ان تک محدود نہیں:

- ☆ وفاق المدارس کے طلباء جنہیں ایچ ای سی سے مساوات کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے لیے اضافی کورسز کی ضرورت ہے۔
- ☆ وہ طلباء جو انفرادی کورسز کا خود مطالعہ کرنا چاہتے ہیں تا کہ کسی خاص مضمون کے بارے میں اپنے علم اور سمجھ میں اضافہ ہو سکے۔
- ☆ پریکٹیشنرز جنہیں اپنے پیشے میں سبقت حاصل کرنے کے لیے ایک خاص کورس کا مطالعہ کرنے کی ضرورت ہے۔
- ☆ وہ طلباء جنہیں کسی خاص ڈگری پروگرام میں داخلہ لینے کے لیے ضرورت کے طور پر اضافی کورسز پڑھنے کی ضرورت ہے۔
- ☆ وفاق المدارس کے طلباء جنہوں نے ثانویہ خاصہ پاس کیا ہوا ہے اور IBCC سے مساوی سرٹیفکیٹ لینا چاہتے ہیں وہ IBCC کی ہدایت کے مطابق کورسز میں داخلہ لیں۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اوپن کورسز کے ذریعے تمام طلباء کو انٹرمیڈیٹ کے لازمی اور اختیاری کورسز پیش کر رہی ہے تا کہ وہ اپنی پڑھائی یا پیشہ ورانہ کیریئر کے دوران اپنی مطلوبہ ضروریات کو پورا کر سکیں۔تاہم ان طلبہ کو کسی بھی صورت میں ایف اے کا سرٹیفکیٹ جاری نہیں کیا جائے گا۔صرف کورس سرٹیفکیٹ جاری کیے جائیں گے۔

## اوپن کورسز میں داخلہ صرف آن لائن ہوگا۔

| Course Code | Course Title | Credits |
|---|---|---|
| 301 | Daftri Urdu | 3 |
| 303 | Iqbaliat | 6 |
| 305 | Rural Development | 3 |
| 308 | General Science | 6 |
| 309 | Arabic | 6 |
| 311 | Book Keeping and Accountancy | 6 |
| 312 | Education | 6 |
| 315 | Economics | 6 |
| 316 | Islamiat | 3 |
| 317 | Pakistan Studies | 3 |
| 319 | Ethics (For Non-Muslims only) | 3 |
| 321 | Muslim History of Sub-Continent | 6 |
| 322 | Secretarial Practice | 3 |
| 330 | Child Care and Development | 3 |
| 343 | Islamiat (E) | 6 |
| 345 | Home Management & Home Furnising | 3 |
| 346 | Principles of Commerce | 6 |
| 347 | Banking | 3 |
| 349 | Plant Protection | 3 |
| 356 | Food and Nutrition | 3 |
| 357 | Health and Nutrition | 3 |
| 360 | Information Technology | 3 |
| 361 | Persian | 6 |
| 363 | Urdu-I | 3 |
| 364 | Urdu-II | 3 |
| 376 | Human Rights | 6 |
| 386 | Compulsory English-I | 3 |
| 387 | Compulsory English-II | 3 |
| 389 | Quran-e-Hakeem | 6 |
| 390 | Hadith | 6 |
| 391 | Fiqh | 6 |
| 392 | Usull-ul-Fiqh | 6 |
| 394 | Statistics-I | 3 |
| 395 | Statistics-II | 3 |
| 398 | Sindhi+Easy Urdu-I | 3 |
| 399 | Sindhi+Easy Urdu-II | 3 |
| 1307 | Mathematics-I | 3 |
| 1308 | Mathematics-II | 3 |
| 1309 | Mathematics-III | 3 |
| 1339 | Basic of Accounting | 3 |
| 1340 | Business Accounting | 3 |
| 1345 | Principles of Commerce | 3 |
| 1346 | Essentials of Commerce | 3 |
| 1347 | Commercial Geography | 3 |
| 1348 | Introduction to Economics | 3 |
| 1349 | Introduction to Business Math | 3 |
| 1350 | Introduction to Business Statistics | 3 |

* 3 کریڈٹ آورز اور 6 کریڈٹ آورز فیس کی تفصیل صفحہ نمبر 12 پر درج ہے۔

### اہلیت (Eligibility)

(i) ہائرسیکنڈری سکول پروگرامز (اوپن کورسز) میں داخلے کے لیے طالب علم کا میٹرک کے تمام لازمی اوراختیاری مضامین میں پاس ہوناضروری ہے۔

(ii) مدارس کے طلباء جنہوں نے ثانویہ عامہ پاس کیا ہو وہ میٹرک کے مخصوص کورسز پاس کر کے IBCC سے میٹرک کے مساوی سرٹیفکیٹ حاصل کر سکتے ہیں اور ہائرسیکنڈری سکول (اوپن کورسز) میں داخلے کے اہل ہیں۔

### اسکیم آف اسٹڈیز (Scheme of Studies)

مندرجہ بالا کورسز میں سے ہر ایک کو علیحدہ سرٹیفکیٹ کورس کے طور پر پیش کیا جائے گا۔ پروگرام کا دورانیہ 06 ماہ (1 سمسٹر) ہوگا جس میں فی سمسٹر کورس کا زیادہ سے زیادہ بوجھ 24 کریڈٹ آورز ہوگا۔ سمسٹر 16-18 ہفتے کا دورانیہ۔ ذریعہ تعلیم انگریزی/اردو ہوگا اور اسے ODL موڈ پر پڑھایا جائے گا۔

### درسی مواد (Study Material) کی ترسیل

طلباء کو درسی مواد کوریئر سروس کے ذریعے فراہم کیا جائے گا۔ طلباء یونیورسٹی کی ویب سائٹ www.aiou.edu.pk/books پر دستیاب مطالعاتی مواد بھی ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔

### تشخیص (Assessment)

پروگرام کے اجزاء درج ذیل ہیں:

(i) ہر 3 کریڈٹ آور کورس کی دو اسائنمنٹس اور 06 کریڈٹ آور کورسز کی 4 اسائنمنٹس ہوں گی۔

(ii) فائنل امتحان ہر سمسٹر کے اختتام پر لیا جائے گا جس میں طلباء کو ہر کورس/موضوع کے لیے کوالیفائی کرنے کے لیے فائنل امتحان میں شرکت کرنا ہوگی اور 40% پاسنگ نمبر حاصل کرنا ہوں گے۔

(iii) کورس کا نتیجہ مرتب کرنے کے لیے امتحانی مشقوں اور آخری امتحان کی کل 100 نمبروں کی تقسیم بالترتیب 70:30 کی نسبت سے ہوگی جبکہ امتحانی مشقوں اور آخری امتحان میں مجموعی طور پر 40% نمبر لینا لازمی ہیں۔

## 2- طریقہ تعلیم کے اہم اجزا

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے بیشتر کورسز اردو زبان میں ہیں لیکن انگریزی میں پیش کردہ کورسز کی تعداد بھی کم نہیں۔ طلبہ اپنے کورسز سے متعلق امتحانی پرچے اردو، انگلش دونوں زبانوں میں سے کسی ایک زبان میں دے سکتے ہیں سوائے اردو، انگلش، عربی اور فارسی کے (کتاب کی ٹرانسلیشن یونیورسٹی فراہم نہیں کرے گی)۔ مزید معلومات کے لیے اپنے متعلقہ علاقائی دفتر یا یونیورسٹی کے شعبہ داخلہ سے رجوع کریں۔ یونیورسٹی کے طلبہ پورے ملک میں پھیلے ہوئے ہیں اس لئے انہیں فاصلاتی طریقہ تعلیم کے اصولوں کے مطابق تعلیم دی جاتی ہے۔ جس میں تعلیم کا انحصار مندرجہ ذیل اجزاء پر ہوتا ہے:

i) درسی مواد　　ii) امتحانی مشقیں

iii) جزوقتی اساتذہ سے راہنمائی　　iv) ریڈیو/ٹیلی ویژن پروگرام

v) آخری امتحان　　vi) کورس کا نتیجہ　　vii) گریڈنگ سسٹم

### (i) درسی مواد

طلبہ کے لئے درسی مواد خود آموزی کے اصول پر تیار کیا جاتا ہے۔ ہر کورس میں درسی مواد کے یونٹوں کی تعداد مقرر ہے۔ یونٹ میں ایک ہفتے کا درسی کام ہوتا ہے۔ ہر یونٹ کے شروع میں اس کا تعارف اور مقاصد پھر اسی ترتیب سے یونٹ کے مختلف موضوعات اور ہر موضوع کے بعد خود آزمائی (اپنا امتحان آپ) کے سوالات ہوتے ہیں۔ ان سوالات سے طلبہ کو اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے کورس کو کس حد تک سمجھا ہے۔ طلبہ کو درسی مواد بذریعہ ڈاک روانہ کیا جاتا ہے۔ تاہم طلبہ کی سہولت کے لیے یونیورسٹی ویب سائٹ پر بھی مہیا کیا گیا ہے۔

## (ii) امتحانی مشقیں

ہر کورس کے لئے اس کی نوعیت کے اعتبار سے امتحانی مشقوں کی ایک مخصوص تعداد مقرر کی گئی ہے۔ طلبہ کے لئے کورس کے دوران یہ امتحانی مشقیں حل کر کے اپنے ٹیوٹر کو بروقت بھیجنا لازمی ہے۔ ٹیوٹر تصحیح اور جانچ پڑتال کے بعد یہ امتحانی مشقیں طالب علم کو واپس بھیج دیتا ہے تاکہ طلبہ اپنی کارکردگی سے باخبر رہیں۔ ان مشقوں کے نمبر آخری امتحان میں حاصل کردہ نمبروں میں شامل کر کے نتیجہ مرتب کیا جاتا ہے۔ (ایک 6 کریڈٹ آورز کورس کے لئے چار اور ایک 3 کریڈٹ آورز کورس کے لئے دو امتحانی مشقیں حل کرنا ہوتی ہیں۔) (فنی، عملی کورسوں میں تعداد مختلف ہو سکتی ہے۔)

## (iii) اساتذہ سے راہنمائی / ٹیوٹوریل میٹنگز

ملک کے مختلف شہروں میں یونیورسٹی کے تعلیمی مراکز موجود ہیں جہاں دفتری اوقات کے بعد یا چھٹی کے دن مختلف کورس کے اساتذہ طلبہ کی رہنمائی کے لئے موجود ہوتے ہیں۔ ان کلاسز کا شیڈول بھی طلبہ کو درسی کتب کے پیکٹ میں بھیج دیا جاتا ہے تاکہ وقت مقررہ پر مراکز میں آ کر اپنی مشکلات کے حل میں اساتذہ سے مدد لے سکیں۔ مطالعاتی مراکز میں حاضری لازمی نہیں لیکن مفید ضرور ہے۔ طلبہ مراسلت، نشریات اور مطالعاتی مراکز، تینوں ذرائع تعلیم سے مجموعی فائدہ اٹھائیں۔ سمسٹر کے شروع ہوتے ہی ٹیوٹر کی معلومات CMS پورٹل سے حاصل کریں بصورت دیگر اپنے علاقائی دفتر سے رابطہ کریں۔

## (iv) ریڈیو، ٹیلی ویژن پروگرام

درسی مواد کو اگرچہ ہر لحاظ سے مکمل بنانے کی کوشش کی جاتی ہے تاہم مزید وضاحت اور تقویت کے لئے ریڈیو اور ٹیلی ویژن کے پروگرام بھی پیش کئے جاتے ہیں۔ ان پروگراموں کے اوقات کی اطلاع طلبہ کو پہلے سے فراہم کر دی جاتی ہے۔ یونیورسٹی کے تمام طلبہ کی راہنمائی کے لئے ہر اتوار کو ریڈیو پاکستان سے ''جامعہ نامہ'' کا خصوصی پروگرام نشر کیا جاتا ہے۔ اس کا شیڈول (نشر ہونے کے اوقات) درسی کتب کے ساتھ بھیجا جاتا ہے۔

## (V) آخری امتحان

سمسٹر کے اختتام پر آخری امتحان لیا جاتا ہے جس کے لئے طلبہ کو روائتی طریقہ امتحان کی طرح امتحانی مراکز میں حاضر ہونا پڑتا ہے۔ اس کے بارے میں تفصیلی معلومات طلبہ کو پہلے مہیا کر دی جاتی ہیں۔

سمسٹر خزاں 2021 سے آخری امتحان میں ناکامی کی صورت میں کورس میں دوبارہ رجسٹریشن کروانا ہوگی۔ اس کا طریقہ کار اور فارم یونیورسٹی کی ویب سائٹ پر موجود ہوگا۔

امتحانی شیڈول کے مطابق سمسٹر بہار کے امتحان نومبر کے پہلے ہفتے اور خزاں کے امتحان مئی کے پہلے ہفتے میں شروع ہوتے ہیں۔ (See Calendar)

## (vi) کورس کا نتیجہ

کورس کا نتیجہ مرتب کرنے کا طریقہ مندرجہ ذیل ہے۔

